# ہانگ کانگ لیبر ڈپارٹمنٹ۔ یُوتھ ایمپلائمنٹ سٹارٹ

## 1. تعارف

### 1.1 پس منظر

پالیسی ایجنڈا کے چیف ایگزیکٹو نے07-2006 میں اعلان کیا ہے کہ 15تا 29برس کی عمر کے نوجوانوں کو ملازمت اور کاروبار سے متعلق تمام معاونتی خدمت فراہم کرنے کے لیے دو یُوتھ ایمپلائمنٹ ریسورسز سنٹرز (Youth Employment Resources Centres) کا قیام عمل میں لایا جائے گا، جس کا نام تبدیل کرکے یُوتھ ایمپلائمنٹ سٹارٹ (Youth Employment Start "Y.E.S") کردیا گیا ہے۔ پہلا Y.E.S جو لینگھم پلیس، مانگ کاک(Langham Place, Mong Kok) 20دسمبر 2007 سے کام کررہا ہے جب کہ دوسرا مرکز جو کہ میٹرو پلازہ، کوائی فانگ (Metroplaza, Kwai Fong) میں واقع ہے، 19مارچ 2008 میں قائم کیا گیا تھا۔

### 1.2 منشور

Y.E.S کا مقصد ملازمت کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں نوجوان ملازمت سے متعلق مختلف ضروریات پوری کرنے کے لیے معاونت حاصل کریں ۔ ساتھ ہی اس کا مقصد نوجوانوں کو ملازمت کے قابل بنانا اور ملازمت میں پائیدار ترقی میں ان کی مدد کرنا ہے۔

### 1.3 مقصد

- نوجوانوں کی ملازمت کی ضروریات کا خیال رکھنا
- نوجوانوں کی ملازمت سے متعلق صلاحیت کو واضح کرنے میں اُن کی مدد کرنا
- نوجوانوں کو ملازمت سےمتعلق موزوں مارکیٹ تلاش کرنے میں مدد دینا
- باصلاحیت نوجوانوں کو خودروزگاری میں معاونت فراہم کرنا

### 1.4 مطلوبہ صارفین

Y.E.S کے مطلوبہ صارفین 15تا 29برس کے درمیان کی عمر کے نوجوان ہیں جو:

- ملازمت کے متلاشی ہوں
- ملازمت کرنے والے نوجوان ہوں
- نوجوان کاروباری افراد
- طالب علم
- وہ نوجوان جنہوں نے یُوتھ ایمپلائمنٹ اینڈ ٹریننگ پروگرام (YETP) میں شرکت کی ہو

### 1.5 رکنیت کا نظام

15تا 29برس کے درمیان کی عمر کے نوجوان جو ہانگ کانگ میں قانونی طور پر رہائش پذیر اور ملازم پیشہ ہیں ، اپنے آپ کو Y.E.S کے رکن کےطور پر رجسٹر کرواسکتے ہیں اور 18تا 29برس کے درمیان کی عمر کے نوجوان کاروباری افراد جن کے پاس کاروبار کا درست رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ہے وہ کاروباری ارکان بن سکتے ہیں ۔جس کے بعد وہ وسیع کاروباری خدمات اور سہولیات سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ موقع پر رجسٹریشن حاصل کرنے کی صور ت میں ممبران کو رکنیت کے سمارٹ کارڈز جاری کیے جائیں گےجن کے ذریعے وہ مختلف خدمات بُک کرواسکیں گے اور مختلف سہولیات فعال کروا سکیں گے۔ Y.E.Sکی تمام خدمات اور سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہیں۔

## 2. Y.E.S خدمات

### 2.1 نوجوانوں کے لیےخصوصی خدمات

### 2.2 کیریئر اسسمنٹ کِٹ (کیریئر کی جانچ کِٹ)

چائینیز یونیورسٹی آف ہانگ کانگ کے پروفیسر وانگ چائی سم (WONG Chi-sum) نے Y.E.S کے لیے ایک جامع کیریئر اسسمنٹ کِٹ تیار کی ہے۔ یہ دلچسپ ٹُول نوجوانوں کواس قابل بناتا ہے کہ وہ مناسب ملازمت کے انتخاب کے سلسلے میں اپنے کیریئر کی دلچسپیوں، شخصیت، جذاباتی ذہانت، کیریئر کے متعلق پُختگی اوراپنی کاروباری صلاحیت کو بہتر انداز میں سمجھ پائیں۔ جانچ کے لیے بنائی گئی یہ کِٹ پانچ ٹیسٹوں پر مشتمل ہے جو کہ ذیل میں دیئے گئے ہیں:

1. وانگز کیریئر انٹرسٹ اسسمنٹ کوئسٹنیئر (Wong's Career Interest Assessment Questionnaire)
2. (Wong's Emotional Intelligence Scale)وانگز ایموشنل انٹلیجنس سکیل
3. (Big-Five Personality Scale) بِگ فائیو پرسنلیٹی سکیل
4. (Wong's Career Maturity Scale) وانگز کیریئر میچوریٹی سکیل
5. (Entrepreneurship Potential) آنٹرپرینیورشِپ پوٹینشل

**تجویز کردہ برائے**

- Y.E. Sرکن
- کاروباری رکن

**طریقہ**

- انٹرایکٹو گیم

**دستیاب زبانیں**

- انگریزی
- سادہ چینی
- روایتی چینی

### 2.1.2 کیریئر متعلق مشاورت (Career Consultation) اور پیشہ ورانہ کاؤنسلنگ کی خدمات (Professional Counselling Services)

ہم سمجھتے ہیں کہ نوجوانوں کے لیے اپنی ابتدائی عمر کے دوران مختلف فیصلے کرنے کے لیےرہنمائی اور معاونت حاصل کرنا ضرور ی ہوتا ہے۔ لہٰذا Y.E.S کے پاس ملازمت (کیریئر) سے متعلق مشاورت کے لیے ایک ٹیم اور رجسٹرشدہ سوشل ورکرز موجود ہیں، جو نوجوانوں کو درج ذیل خدمات کی فراہمی کے لیے ہمیشہ تیار رہتے ہیں:

Y.E. Sکیریئر کنسلٹنٹس نوجوانوں کو ان کےکیریئر سے متعلق رہنمائی اور ملازمت کےلیے مارکیٹ کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں، تاکہ وہ ملازمت/کام کی دنیا کےلیے تیاری کرسکیں اور موزوں ملازمت کے انتخاب میں معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

Y.E.S کیریئر کنسلٹنٹس ان افراد کے لیے جانچ اور تجزیہ کے سیشنز بھی فراہم کرتے ہیں، جنہوں نے کیریئر اسسمنٹ کِٹ (Career Assessment Kit) مکمل کی ہوتی ہے، تاکہ انہیں اپنے کیریئر کی اُمنگوں کے بارے میں بہتر سمجھ بوجھ حاصل ہوپائے۔ اس کے نتیجے میں کیریئرکے بارے میں ان کی سمجھ بوجھ میں اضافہ ہوگا اور ان کی نشونما میں مدد ملے گی۔

Y.E.S رجسٹرشدہ سوشل ورکرز نوجوانوں کو انفرادی طور پر یا گروپ کی صورت میں پیشہ ورانہ کاؤنسلنگ سروس فراہم کرتے ہیں، تاکہ ان کی ذاتی نشونما میں بہتری لانے میں مدد مل پائے۔

**تجویز کردہ برائے**

- Y.E. Sرکن
- کاروباری رکن

**طریقہ**

- Y.E.S کونسلرز (مُشیران) کی جانب سے فراہم کیے جانے والے مشاورت کے سیشن

**دستیاب زبانیں**

- انگریزی
- کینٹونیز
- پیوٹنگھُوا

### 2.1.3 فرضی انٹرویو کی خدمات

Y.E. Sکے کیریئر کنسلٹنٹس نوجوانوں کے لیے فرضی انٹرویو کی خدمات بھی فراہم کرتے ہیں۔ فرضی انٹرویو کے انعقاد کے وقت وڈیو بھی ریکارڈ کی جاتی ہے۔ کیریئر کنسلٹنٹس موقع پر ہی نوجوانوں کے انٹرویوز کی کارکردگی جانچ کریں گے اور انٹرویو دینے کی ان کی صلاحیت کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مستقبل میں حقیقی ملازمت کے لیے ہونے والے ان کے انٹرویو میں ان کی کامیابی کے امکانات کو بہتر بنایا جائے۔

فرضی انٹرویو کی خدمت سے فائدہ اٹھانے والے Y.E.S کے ہر رکن کو انٹرویو کے لیے ایک جامع کِٹ فراہم کی جاتی ہے۔ یہ کٹ فرضی انٹرویو ریکارڈ کرنے کے لیے ایک DVD ، کارکردگی کا جائزہ لینے والے فارم اور انٹرویو دینے اور ملازمت تلاش کرنے کی مہارتوں سے متعلق کتابچہ پر مشتمل ہوتی ہے۔

**تجویز کردہ برائے**

- Y.E. Sرکن
- کاربار‎ی رکن

**طریقہ**

- فرضی انٹرویو سیشن ، انٹرویو دینے کی مہارتوں کا جائزہ

**دستیاب زبانیں**

- انگریزی
- کینٹونیز
- پیوٹنگھُوا

### 2.2 نوجوان کاروباری افرادکے لیے معاونتی خدمات

#### 2.2.1 ورک سٹیشن

کاروباری ارکان ورک سٹیشن پر کمپیوٹر، سکینر، فیکس مشین اور ٹیلی فون وغیرہ جیسے آلات استعمال کرکے اپنی کاروباری سرگرمیاں سرانجام دے سکتے ہیں۔

**تجویز کردہ برائے**

- کاروباری ارکان

**آلات**

- اعلیٰ کارکردگی کاحامل کمپیوٹر
- 24اِنچ مانیٹر (سکرین)
- ڈرائینگ ٹیبلٹ
- پروفیشنل فوٹو سکینر
- پرنٹر
- پرسنل ٹیلی فون
- فیکس مشین

#### 2.2.2 بزنس رُوم

اپنے صارفین سے ملنے اور شراکت داروں کے ساتھ کاروباری منصوبوں پر بات چیت کرنے کے لیے، پروجیکٹر جیسے جدید پریزنٹیشن ٹُولز کے حامل بزنس رُوم اور سمارٹ بورڈ دستیاب ہیں۔

**تجویز کردہ برائے**

- کاروباری رکن

**آلات**

- پینا بورڈ (الیکٹرانک وائٹ بورڈ)
- اوور ہیڈ پروجیکٹر
- ملٹی فنکشن پرنٹر

- ٹیلی فون
- DVD پلیئر
- وائی فائی انٹرنیٹ

### 2.2.3 ڈیزائن کارنر

کاروباری رکن ز ڈیزائننگ کا کام کرنے کے لیے پیشہ ورانہ ڈیزائن ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر استعمال کرسکتے ہیں اور پروفیشنل پرنٹرز کے ذریعے اپنے صارفین کےلیے ڈیزائن کے نمونے پرنٹ کرسکتے ہیں۔

**تجویز کردہ برائے**

- کاروباری رکن

**آلات**

- اعلیٰ کارکردگی کا حامل ورک سٹیشن
- 23انچ مانیٹر (سکرین)
- ڈرائینگ ٹیبلٹ
- سکینر
- 24اِنچ وائیڈ فارمیٹ پرنٹر

### 2.2.4 کاروبار سے متعلق بنیادی کورس (Business Foundational Course)

کاروباری ارکان اس کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ یہ کورس کاروبار قائم کرنے ، قانونی ذمہ داریوں،کاروبار کی رجسٹریشن، اخراجات اور آمدن کو سنبھالنا، حساب کتاب رکھنے، ٹیکس سے متعلق معلومات، تشہیر، کاروباری تجاویز تحریر کرنا وغیرہ جیسے موضوعات سے متعلق آگاہی فراہم کرتا ہے۔ اس کورس کا مقصدیہ ہے کہ نوجوان کاروباری افراد اپنے نئے کاروبار کی بنیادوں کو مضبوط کرسکیں۔ علاوہ ازیں اس کورس کا مقصد نوجوانوں کو نیا کاروبار شروع کرنےمیں معاونت فراہم کرنا ہے۔

**تجویز کردہ برائے**

- کاروباری رکن

**طریقہ**

- سیمینارز
- ورکشاپس

### 2.2.5 پیشہ ورانہ مشاورتی خدمت (Professional Consultation Service)

درست بزنس رجسٹریشن سرٹیفکیٹس کے حامل کاروباری ارکان کو ان کے کاروبار سے متعلق قانونی اور حساب کتاب (اکاؤنٹنگ ) کے شعبوں میں درپیش کاروباری مسائل سے نمٹنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے کوالیفائیڈ وکلاء اور اکاؤنٹنٹس کا بندوبست کیا جائے گا ،جن سے وہ Y.E.S میں ملاقات کرکے مشورے حاصل کریں گے۔

**تجویز کردہ برائے**

- کاروباری رکن

**طریقہ**

- سیمینارز
- ورکشاپس
- آمنے سامنے بیٹھ کر مشاورت

## 2.3 ملازمت کی تلاش کی خدمات اور Y.E.S پر (دستیاب) سہولیات

### 2.3.1 کمپیوٹر زون

نوجوانوں کو ملازمتوں سے متعلق معلومات حاصل کرنے، تعلیمی کوائف اور درخواستیں تیارکرنے کے لیے کمپیوٹرز، فیکس مشینیں، فوٹو کاپی مشینیں، پرنٹر اور ساتھ ہی انٹرنیٹ جیسی سہولیات بھی دستیاب ہیں۔

**تجویز کردہ برائے**

- تمام ارکان

**کس طرح استعمال کیا جائے؟**

1. نیچے دیئے گئے آن لائن بک کریں (Book Online) کے بٹن کو دبا کر اپنی بُکنگ کروائیں
2. آپ کو اپنے رجسٹرشدہ ای میل اکاؤنٹ پر تصدیقی ای میل وصول ہوگی
3. Y.E. Sسینٹر پر تشریف لائیں۔ فراہم کردہ کمپیوٹر پر اپنے سمارٹ کارڈ کے ذریعے لاگ آن ہوں

### 2.3.2 ملازمت کی تلاش کے اسٹیشن (Vacancy Search Terminals)

نوجوان ملازمت کی تلاش کے لیے Y.E.S پر ملازمت کی تلاش کے اسٹیشن(Vacancy Search Terminals) کو بھی استعمال کرسکتےہیں۔ Y.E.S نجی کاروباری اداروں کے اشتراک سے نوجوانوں کے لیے نئی بھرتیوں کے سیمینارز کا انعقاد بھی کرتا ہے۔

**تجویز کردہ برائے**

- تمام ارکان

**دستیاب زبانیں**

- انگریزی
- سادہ چینی
- روایتی چینی

**انٹرنیٹ پر ملازمت کی تلاش**

- حالیہ اعلان کی گئی ملازمتوں کے بارے میں جاننے کے لیے آپ iES بھی ملاحظہ کرسکتے/سکتی ہیں
- http://www.jobs.gov.hk

### 2.3.3 وائی فائی کی سہولت

Y.E.S پر وائی فائی کی سہولت بھی دستیاب ہے ۔ ارکان کو اجازت ہے کہ وہ اپنے لیپ ٹاپس ہمراہ لا کر ملازمت کی تلاش اور اپنا کاروبار سنبھالنے کے لیے مفت وائر لیس انٹرنیٹ استعمال کریں۔

**تجویز کردہ برائے**

- لیپ ٹاپ کےاستعما ل کنندگان

**کیا میرا لیپ ٹاپ Y.E.S کے وائی فائی کے ساتھ منسلک ہوپائے گا؟**

- ہمارے وائی فائی کو استعمال کرنے کے لیے ، آپ کے لیپ ٹاپ/آلہ میں IEEE 802.11سٹینڈرڈ وائرلیس اڈاپٹر انسٹال ہونا ضروری ہے۔ اس کے متبادل کے طور پر آپ Y.E.S کی جانب سے فراہم کیا جانے والا لیپ ٹاپ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

## 3 ممبران کی رجسٹریشن کا طریقہ کار

- 15تا 29برس کی عمر کے ایسے تمام نوجوان جو ہانگ کانگ میں قانونی طور پر رہائش پذیر ہیں اور کام کرتے ہیں ، Y.E.S کی رکنیت کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

- درخواست گزار  آن لائن رجسٹر ہوسکتے ہیں یا پھر   وہ Y.E.S پر ذاتی حیثیت  میں تشریف لا کر  وہاں موجود ٹچ سکرین کمپیوٹرز پر  رجسٹریشن کا  عمل مکمل  کرسکتے ہیں۔  معلومات کی تصدیق کے بعد Y.E.Sکا عملہ تصویر بنانےاور رکنیت کے سمارٹ کارڈز پرنٹ کرنے  میں  درخواست گزاروں کو مدد فراہم کرے گا۔

**3.1 Y.E.Sرکن**

رجسٹریشن کا عمل مکمل  کرنے والے افراد Y.E.S کے رکن بن جائیں گے ۔ رکنیت  ایک سال کے لیے ہوگی جس  کے بعد اس کی تجدید کی جاسکتی  ہے ۔  سوائے ان  خدمات اور سہولیات کے جو  کاروباری ارکان کے لیے مخصوص ہیں، Y.E.S ارکان  مرکز /سینٹر پر دستیاب دیگر تمام سہولیات استعمال کرسکتے ہیں۔

**3.2 کاروباری رکن**

18تا29برس کے تمام نوجوان جو اپنے کاروبار چلارہے ہیں اور انہوں نے اپنا کاروبار بزنس رجسٹریشن آفس (BRO) میں رجسٹر کروایا ہے اور ان کے پاس درست بزنس رجسٹریشن سرٹیفکیٹس ہیں، وہ کاروباری رکن بن سکتے ہیں۔ وہ افراد جو اپنا کاروبار شروع کرنے کے خواہش مند ہیں یا  انہوں نے کاروبار شروع کیا ہے مگر اسے BRO میں رجسٹر نہیں کروایا وہ عبوری کاروباری ارکان کے طور پر رجسٹر ہوسکتے ہیں، تاہم انہیں رجسٹریشن حاصل کرنے کے چھ ماہ کے اندربزنس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (BRC)حاصل کرنا ہوگا۔ بصورت دیگران کی رکنیت میں تبدیلی کرکے انہیں Y.E.S ارکان بنادیا جائے گا۔

**3.3 تین آسان مراحل میں رکنیت حاصل کریں**

1. انٹرنیٹ کے ذریعے رجسٹریشن فارم مکمل کریں یا  پھر  اوپر  دیئے  گئے  ''Registration Form Download'' والے بٹن پر کِلک کرکے کاغذ والا  جسٹریشن فارم ڈاؤن لوڈ کریں  ۔
2. ذاتی حیثیت میں Y.E.S کے کسی  مرکز پر تشریف لائیں
3. ہمارا عملہ آپ کو سمارٹ کارڈ فراہم کرے گا۔ آپ ہماری خدمات سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں!